بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نمبر: 1133جی۔آر　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　مورخہ:06-10-2018

سرکلر

جناب پرنسپل

الحاق شدہ جملہ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز،

فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چینوٹ اضلاع

عنوان:۔فرسٹ ائیر سالانہ امتحان 2018 میں پاس/33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر طلبہ کی ری ایڈمشن کی تاریخ اور رجسٹریشن آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں دستی جمع کروانے کا شیڈول۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن کے لیے درج ذیل شیڈول منظور کیا گیا ہے۔

نمبر شمار	فرسٹ ائیر میں ری ایڈمشن طلبہ کا داخلہ Online رجسٹریشن اور بنک میں فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ	اداروں میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری کرنے، بنک میں فیس جمع کروا کے کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور مصدقہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن، ریوینولسٹ، فارورڈنگ لیٹر کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی حتمی تاریخ
1	09-10-2018 تا 12-11-2018	12-11-2018
2	رجسٹریشن فیس	1000 روپے فی طالب علم
3	پراسیسنگ فیس	395 روپے فی طالب علم
4	سپورٹس فیس	100 روپے فی طالبعلم

وضاحتی نوٹ

Result.pk

1۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ امسال سالانہ امتحان 2018 میں فرسٹ ائیر میں پاس/33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے اور غیر حاضر رہنے والے اور صرف رجسٹرڈ ہونیوالے طلبہ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی الحاق شدہ ادارہ میں اپنی مرضی سے پچھلا نتیجہ چھوڑ کر اپنے ہی گروپ کمبی نیشن یا تبدیل کر کے اپنے پہلے سے الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر کے تحت ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں۔ تاہم فرسٹ ائیر پاس امیدوار اپنا رزلٹ کینسل کروانے کیلئے پرنسپل کی وساطت سے بورڈ کی امتحانی برانچ کو درخواست دے کر رزلٹ کینسل کا لیٹر حاصل کر کے مقررہ شیڈول میں ری ایڈمٹ ہو سکتے ہیں بصورت دیگر لیٹ فیس عائد ہوگی۔

2- ایسے امیدواران جو سیشن 2014 تا 2016 میں رجسٹرڈ ہوئے ہوں لیکن فرسٹ ائیر میں شامل امتحان نہ ہوئے ہوں وہ بھی ری ایڈمٹ کے اہل ہونگے۔

3۔ آن لائن کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی بمعہ اصل کمپیوٹرائزڈ بینک چالان دفتر کی رجسٹریشن برانچ میں دستی وصول کروا کر رسید حاصل کریں بذریعہ ڈاک قابل قبول نہ ہے۔ مقررہ شیڈول کے مطابق کٹ لسٹ کی کاپی وصول نہ کروانے کی صورت میں مبلغ-/500 روپے یومیہ لیٹ فیس لاگو ہوگی۔

--sd--

(خرم شہزاد اسلم قریشی)

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:

1۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چینوٹ اضلاع۔

2۔ فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چینوٹ اضلاع کے جملہ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز کے سربراہان ادارہ۔

3۔ ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد

4۔ داخلی تقسیم

رانا لیاقت علی خاں

اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)